عرفان شریعت

کامل سہ حصص

مؤلفہ مجدد دایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ

سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈچکوٹ روڈ لائل پور

NATIONAL BLOCK CRAFT

Marfat.com

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعۂ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

محزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیٰحضرت مجدد ملت حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جسکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈبکوٹ روڈ بلساڑ

قیمت ۲/۵۰

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ؕ

خاوند بیوی کو غسل میت نہیں دے سکتے

مسئلہ ۱: شوہر اپنی بیوی کو غسل میت دے سکتا ہے یا نہیں اور بعد مرنے کے شوہر اپنی بیوی کے جنازہ کو ہاتھ لگا سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: جنازہ کو ہاتھ لگا سکتا ہے۔ قبر میں اتار سکتا ہے۔ اسکے بدن کو ہاتھ نہیں لگا سکتا اسی واسطے غسل نہیں دے سکتا۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

سوم کے چھواروں کا وزن

مسئلہ ۲: میت کے سوم کا کس قدر وزن ہونا چاہیئے۔ اگر چھواروں پر فاتحہ دلادی جائے تو ان کا کس قدر وزن ہو۔

الجواب: کوئی وزن شرعاً مقرر نہیں۔ اتنے ہوں جس میں ستر ہزار عدد پورا ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

طلاق کی عدت

مسئلہ ۳: اگر ایک عورت کو طلاق دی جاوے تو وہ عورت طلاق دینے سے کتنی مدت بعد نکاح کر سکتی ہے۔

الجواب: طلاق کے بعد تین حیض شروع ہو کر ختم ہو جائیں اور حیض والی نہ ہو تو تین مہینے اور حاملہ ہو تو جب بچہ پیدا ہو جائے اگرچہ سال بھر بعد یا طلاق سے ایک ہی منٹ بعد۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

تہبند اور نماز

مسئلہ ۴: تہبند کا نیچ کھول کر نماز کیوں پڑھتے ہیں۔

الجواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں کپڑا سمیٹنے اور گھسنے سے منع فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵: اگر تہبند کے نیچے لنگوٹ بندھا ہو تو نماز پڑھنا درست ہوگی یا نہیں۔

الجواب: درست ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

بجلی کیا شے ہے

مسئلہ ۶: بجلی کیا شے ہے۔

الجواب: اللہ تعالےٰ نے بادلوں کے چلانے پر ایک فرشتہ مقرر فرمایا ہے۔ جس کا نام رعد ہے اس کا قد بہت چھوٹا ہے اور اس کے ہاتھ میں بہت بڑا کوڑا ہے۔ جب وہ کوڑا بادل کو مارتا ہے اسکی تری سے آگ جھڑتی ہے اس آگ کا نام بجلی ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

Marfat.com